اردو
उर्दू

معروضی سوالات

1. زبان وسیلہ ہے:

(1) خیالات وجذبات کے اظہار کا (2) پڑھنے کا
(3) لکھنے کا (4) سبھی کا

2. درسی ٹکنالوجی کے استعمال سے —

(1) زیادہ وقت صرف ہوتا ہے (2) درس وتدریس سے دلچسپی ختم ہو جاتی ہے
(3) مشکل درسی نکات یا مشکل مفہوم آسان ہوتا ہے (4) فاصلاتی نظام تعلیم میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے

3. محاسبہ وتجزیہ ہے —

(1) امتحان لینے کا طریقہ (2) درس وتدریس کے دوران تعلیمی لیاقت جانچنے کا طریقہ
(3) کاپی جانچنے کا طریقہ (4) سبق کی تیاری

4. 'باغ وبہار' تصنیف ہے —

(1) میر امّن کی (2) رجب علی بیگ 'سرور' کی
(3) حیدر بخش حیدری کی (4) نہال چند لاہوری کی

5. تدریسِ نثر کا مقصد ہے —

(1) تعلیم حاصل کرنے کا طریقہ سکھانا (2) طلبا کی تحریری مشق کی جانچ کرنا
(3) طلباق کو ذہنی انبساط پہنچانا (4) طلبا کو زبان کی خوبیوں اور اس کے صحیح استعمال کی جانب ر

https://www.upboardonline.com

مختصراً سوالات:

درج ذیل سوالات کے مختصراً جوابات دیجئے۔

1. لفظ 'اردو' کے کیا معنی ہیں؟
2. 'گیان وانی' کیا ہے؟
3. خطوط کی دو قسمیں کون سی ہیں؟
4. فنی مہارتیں کون کون سی ہیں؟ نام لکھئے۔
5. 'مکالمہ' نثر کی کس صنف کا جز ہے؟
6. 'جگ میں آ کر اِدھر اُدھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا' شعر کس کا ہے؟

مختصر سوالات:

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات قلمبند کیجئے۔

1. نظامِ تعلیم میں اردو زبان کی کیا اہمیت ہے؟
2. اردو زبان مشترکہ تہذیب کی بہترین مثال ہے۔ اس پر اظہارِ خیال کیجئے۔
3. اردو زبان کی تدریس کو بہتر اور دلچسپ بنانے کے لئے آپ کی رائے میں کون کون سی چیزیں ضروری ہیں؟
4. تدریسی ٹکنالوجی کے چند فوائد بیان کیجئے۔
5. تعلیم میں تدریسِ نظم کا کیا مقصد ہے؟ لکھئے۔
6. محاسبہ و تجزیہ کا جدید طریقہ کیا ہے؟ بتایئے۔
7. 'تدریسی معاون اشیاء' پر نوٹ لکھئے۔

******

https://www.upboardonline.com